اے پی پی اردو نیوز سروس

اہم ترین---صدر مملکت ...خطاب

نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لئے ڈیجیٹل روابط اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے فروغ سے معاشی استحکام حاصل ہو گا،صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کا ایچ ای سی کی تقریب سے خطاب

اسلام آباد۔1فروری (اے پی پی):صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے ملک میں نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لئے ڈیجیٹل روابط اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے فروغ کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے معاشی استحکام سمیت ملکی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد ملے گی۔ ان خیالات کا ا ظہار انہوں نے پیر کو ہائر ایجوکیشن کمیشن کے زیر اہتمام 51 ویں ایشین پیسیفک ایڈوانسڈ نیٹ ورک کے افتتاحی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ ڈیجیٹل کمیونیکیشن اہمیت کی حامل ہے تاہم کورونا وبا کے دوران اس کی اہمیت میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے اس تقریب کے انعقاد پر ہائر ایجوکیشن کمیشن اور دیگر معاون ادارو نکی تعریف کی۔ اس تقریب میں 500 کے قریب شرکا نے حصہ لیا۔ انہوں نے ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی یونیورسٹیوں اور کالجوں کو ہدایات دینے کے تناظر میں ذمہ دارانہ کردار دا کرنے پر بھی تعریف کی۔ انہوں نے کہاکہ دنیا بھر کی طرح پاکستان میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کو اپنانا اہم ہے۔ پاکستان نے انسانی سرمایہ کاری اور ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری کی دو جہتی حکمت عملی طے کی ہے ، جس کے لئے 2003 میں ٹیلی کمیونیکیشن سیکٹر کے لئے جامع لبرل پالیسی اختیار کی گئی ۔ انہوں نے کہا کہ موثر روابط اور ہر قسم کی معلومات کی بلاامتیاز فراہمی اہم ہے تاہم آج یہ انتہائی اہمیت اختیار کر چکی ہے۔ صدر مملکت نے 2006 میں چین میں اپنے خطاب کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے تعلیم تک آسان اور سستی رسائی کے لئے فاصلاتی تعلیم کی تجویز دی تھی۔ پاکستان میں اس وقت 3 لاکھ سے زائد انگریزی بولنے والے آئی ٹی ماہرین ہیں جس کی وجہ سے زبان کاکوئی مسئلہ نہیں ہے۔ حکومت ا س شعبہ کی ماہرین کو مراعات دے رہی ہے جبکہ آئی ٹی کی سرمایہ کاری کے لئے 13 سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک قائم کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سالانہ 20 ہزار آئی ٹی گریجوایٹس اور انجینئرز مارکیٹ میں آتے ہیں۔ ان کے مصنوعی ذہانت اقدام کے ذریعے ان نوجوانوں کو نیٹ ورکنگ ، بلاک چین ٹیکنالوجی، سائبر سکیورٹی اور دیگر جدید شعبوں میں تربیت دی جا سکتی ہے ۔اس اقدام

کے تحت حکومت اس شعبہ کے گریجوایٹس اور انڈر گریجوایٹس کو تربیت دینے کی خواہاں ہے۔ جاپان جیسے ترقی یافتہ ممالک میں ایک لاکھ تربیت یافتہ آئی ٹی ماہرین کو مواقع فراہم کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ٹی گریجویٹس کی مانگ میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ ہائر ایجوکیشن کمیشن آئی ٹی سمیت تمام شعبوں کے گریجوایٹس کو تعلیم کی فراہمی کے مناسب مواقع فراہم کر رہا ہے۔ پاکستان ڈیجیٹل اکانومی کی طرف بڑھ رہا ہے۔ لوگوں کے درمیان روابط کے فروغ اور معلومات کے تبادلے سے معیشت میں بہتری آئی ہے۔ انہوں نے کہاکہ پاکستان کی 22 کروڑ آبادی میں سے 17 کروڑ 60 لاکھ کے لگ بھگ ٹیلی فون استعمال کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوروناسے تعلیمی شعبہ متاثر ہوا ہے تاہم انفارمیشن ٹیکنالوجی کو اس عرصہ کے دوران فروغ ملا ہے ۔پاکستان کی ای کامرس ، ای ہیلتھ اور ای فنانسنگ کی راہ پر گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں کورونا وبا کے دوران زندگی اور ضروریات زندگی کے درمیان توازن یقینی بنایا گیا۔ پاکستان نے خطے کے دیگر ممالک کے برعکس بھوک سے اموات روکنے کے لئے کاروباری سرگرمیوں کی اجازت دی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 5 سال کے دوران سافٹ ویئر ایکسپورٹ میں سالانہ 30 فیصد اضافہ ہوا ہے جبکہ فری لانسنگ میں 47 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ پاکستان فری لانسنگ میں تیزی سے ترقی کررہا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت 2022 تک 5G ٹیکنالوجی شروع کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ اس سے پاکستا ن میں ایکسپورٹ سافٹ ویئر پر مبنی معاشی وسماجی ترقی کے نئے دور کا آغاز ہو گا۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان کی 22 کروڑ آبادی میں سے 60 فیصد کی عمر 15 سے 29 سال ہے۔ اگر اسے انفارمیشن ٹیکنالوجی کی تربیت دی جاتی ہے تو وہ دنیا کے ممالک اور کمپنیوں میں خدمات سرانجام دے سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن نے 60 ہزار کتابوں ، جرائد کی آن لائن فراہمی اور سمارٹ کلاس روم قائم کرکے انفارمیشن ٹیکنالوجی کی تعلیم اور ڈیجیٹل کمیونیکیشن کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

***

...**APP-NEWS/ENGLISH**

National

President-HEC

President for promotion of IT, digital communication to meet country's needs, serve world

ISLAMABAD, Feb 1 (APP):President Dr Arif Alvi Monday while citing huge potential of young population, called for promotion of information technology and digital communication to meet country’s needs as well as strengthen the economy.

Addressing a virtually held inaugural session of 51st Asia Pacific Advanced Network (APAN) organized by Higher Education Commission, the president said digital communication had always been vital but its importance had been multiplied during the COVID-19 era.

He said Pakistan had adopted two-pronged approach by investing in human capital and technology as the country formulated a comprehensive liberalization policy in 2003 for telecommunication sector.

The president said Pakistan had more than 300,000 English speaking IT professionals having no language barrier .

There are 13 software technology parks for encouragement of IT investment with the government giving incentives in the sector.

He said around 20,000 IT graduates and engineers entered the market every year and mentioned his initiative of artificial intelligence to train the youth in network area, blockchain technology, cyber security and other modern fields .

He said under the initiative, the government wanted to train the graduates and undergraduates in this field. He said the developed countries like Japan were willing to even absorb 100,000 well-trained IT experts.

The president appreciated the HEC and other collaborating partners for holding the event attended by around 500 global participants and said the introduction and absorption of IT was inevitable for Pakistan as well as the world .

He said the HEC had also done a tremendous work for being responsible to give directions to the universities and colleges.

He said effective communication and effective disbursement of knowledge to all repositories of knowledge had always been important but it had become more important today.

The president recalled that even back in 2006, in his address in China, he had called for promotion of distance learning for being an easier and less expensive method of teaching.

He said as the need for IT graduates was growing tremendously, the HEC was striving to ensure availability of open-source knowledge to all graduates in IT and other sectors .

He said Pakistan was moving towards a digital economy and enabling the people to communicate and exchange knowledge would improve economy in many ways.

He said Pakistan had already achieved tele-density with around 176 million cell phone users in its total 220 million population.

He said though the COVID had hurt the education sector it gave a boost to IT sector.

President Alvi said Pakistan was looking towards e-commerce, e-health, e-finance .

He said Pakistan had been able to manage the COVID pandemic situation by ensuring a balance between the lives and livelihood .

President Alvi said unlike other countries in the region, Pakistan allowed business activity to avert the hunger related deaths.

He said the ICT exports were growing by 30 percent annually since last five years and freelancing also witnessed 47pc growth. He said Pakistan stood at fourth in freelancing.

He said the government has a plan to launch 5G technology in 2022 that would set a new chapter in ICT-based socio-economic transformation of Pakistan .

Regarding the freelancing revenue, Pakistan stood at 47 pc this year and fourth in freelance development, he added. This shows Pakistan was ready to service the world needing the freelancing software, he added.

The president said Pakistan had 60 percent of its 220 population between 15 to 29 age group and if trained in IT, they could serve the countries and companies in the world.

He said HEC was doing tremendous work for promotion of IT education and digital communication by making 60,000 books and journals available online and establishing smart classrooms.

***